حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ جنگ آزادی ________ میں ہوئی۔
(الف) 1757ء (ب) 1857ء (ج) 1657ء (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ قائداعظم پاکستان کے پہلے ________ تھے۔
(الف) وزیراعظم (ب) صدر (ج) گورنر جنرل (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ پاکستان رمضان کی ________ تاریخ کو وجود میں آیا۔
(الف) 25 (ب) 26 (ج) 29 (د) ان میں سے کوئی نہیں

۴۔ پاکستان میں صنعتوں کو ________ اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) ان میں سے کوئی نہیں

۵۔ کراچی شپ یارڈ اینڈ انجینئرنگ ورکس کا ادارہ ________ میں قائم ہوا۔
(الف) 1954ء (ب) 1955ء (ج) 1956ء (د) 1957ء

۶۔ اعلیٰ ثانوی سے بلند ترسطح کیلئے نصاب کی تیاری ________ کی ذمہ داری ہے۔
(الف) ٹیکسٹ بک بورڈ (ب) بیورو آف کریکولم (ج) اعلیٰ تعلیمی کمیشن
(د) ان میں سے کوئی نہیں

۷۔ جنگلات فضا میں ________ گیس کی زائد مقدار کو بڑھنے نہیں دیتے۔
(الف) O (ب) CO (ج) CO_2 (د) ان میں سے کوئی نہیں

۸۔ کائنات میں ________ اقسام کے وسائل پائے جاتے ہیں۔
(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

۹۔ دنیا میں معدنی نمک کے سب سے بڑے ذخائر ________ میں پائے جاتے ہیں۔
(الف) چین (ب) انڈیا (ج) بنگلہ دیش (د) پاکستان

۱۰۔ اخوت کے معنی ________ کے ہیں۔
(الف) بھائی چارہ (ب) دوستی (ج) رواداری (د) مساوات

۱۱۔ [illegible] ________ [illegible] ہو گیا۔
(الف) 1929ء (ب) 1930ء (ج) 1931ء (د) 1932ء

۱۲۔ ________ کا اصل نام قطب الدین تھا
(الف) شاہ ولی اللہ (ب) سید احمد شہید (ج) تیتو میر (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۳۔ پاکستان کو ________ آب و ہوائی خطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

۱۴۔ پاکستان کے ساحلی علاقے کی لمبائی ________ کلومیٹر ہے۔
(الف) 600 (ب) 800 (ج) 500 (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۵۔ رقبہ کے لحاظ سے ________ بڑا صوبہ ہے۔
(الف) سندھ (ب) بلوچستان (ج) پنجاب (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ نظریہ میں قومی کردار کا کیا مقام ہے۔
سوال ۳۔ نظریہ پاکستان کے بارے میں علامہ اقبال کا بیان لکھئے۔
سوال ۴۔ کسی ملک کے لئے آئین کیوں ضروری ہے؟
سوال ۵۔ ماحولیاتی آلودگی سے کیا مراد ہے؟
سوال ۶۔ وسائل کی اہمیت بیان کیجئے۔
سوال ۷۔ پاکستان کے زرعی مسائل کون سے ہیں؟
سوال ۸۔ قومی ترقی کی تعریف کیجئے۔
سوال ۹۔ ای۔تجارت کے استعمال کیا ہیں؟
سوال ۱۰۔ پاکستان میں خواندگی کس حالت میں ہے؟
سوال ۱۱۔ کراچی سے پشاور جاتے ہوئے قومی شاہراہ پر کون سے اہم شہر آتے ہیں؟
سوال ۱۲۔ کسی ملک کی ترقی میں تعلیم کی اہمیت بیان کیجئے۔
سوال ۱۳۔ فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیں۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ تحریک پاکستان میں صوبوں کے کردار پر روشنی ڈالیں۔
سوال ۱۵۔ 1956ء کے آئین کے اہم نکات بیان کریں۔
سوال ۱۶۔ قومی زندگی میں مشترکہ ثقافتی مظاہر کون سے ہیں۔
سوال ۱۷۔ پاکستان کے قومی مقاصد کیا ہیں؟
سوال ۱۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔
اسلامی فلاحی ریاست | رواداری | زندگی میں اعتدال پسندی